© rasailojaraid.com



**اسلام اور عصر جدید** (خصوصی شمارہ) **مدیر: پروفیسر اختر الواسع**

ناشر: ذاکر حسین انسٹی ٹیوٹ آف اسلامک اسٹڈیز، جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی ۔ ۲۵

جلد: ۴۵، شمارہ: ۱، جنوری ۔ مارچ ۲۰۱۳ئ، صفحات: ۱۲۸، قیمت: ۱۰۰ روپے

سہ ماہی اسلام اور عصر جدید نئی دہلی کا زیر نظر خصوصی شمارہ پروفیسر عبدالرحیم قدوائی کے چند مقالات پر مشتمل ہے، جن میں انھوں نے قرآن مجید کے انگریزی تراجم کا تنقیدی جائزہ لیا ہے۔ پروفیسر قدوائی کی انگریزی تراجمِ قرآن پر گہری نظر ہے۔ وہ ۱۹۸۵ء سے اب تک ستّر (۷۰) سے زائد انگریزی تراجم قرآن پر انگریزی کے سہ ماہی مجلہ مسلم ورلڈ بک ریویو (UK) اور دیگر مجلّات میں تبصرے کر چکے ہیں۔ انھوں نے ۱۶۴۹ء سے ۲۰۰۲ء تک شائع ہوئے والے انگریزی تراجم قرآن کی کتابیات تیار کی ہے، جو ۲۰۰۷ء میں وزارت شئون اسلامیہ سعودی عرب سے انگریزی اور عربی دونوں زبانوں میں شائع ہو چکی ہے۔ ان کی ایک دوسری کتاب Translating the Untranslatable کے نام سے ۲۰۱۱ء میں شائع ہوئی ہے، جس میں ساٹھ (۶۰) انگریزی تراجم قرآن کا تنقیدی جائزہ لیا گیا ہے۔ اس خصوصی شمارہ میں شامل مقالات میں (جو پہلے اردو کے تحقیقی مجلّات بالخصوص تحقیقات اسلامی میں شائع ہو چکے تھے)، اس موضوع پر ڈاکٹر موصوف کی جملہ تحقیقات کا خلاصہ آ گیا ہے۔

پہلا مقالہ جو اڑسٹھ (۶۸) صفحات پر مشتمل ہے، 'قرآن مجید کے انگریزی تراجم: ایک تنقیدی جائزہ' کے عنوان سے ہے۔ اس میں مستشرقین، قادیانیوں، شیعہ اور سنّی مسلمانوں کے ذریعے کیے جانے والے انگریزی تراجم قرآن کا تعارف کرایا گیا ہے، مترجمین کے فکری رجحانات پر روشنی ڈالی گئی ہے، تراجم کی خوبیوں اور خامیوں سے بحث کی گئی ہے اور آخر میں مطلوبہ معیاری ترجمۂ قرآن کے خصائص بیان کیے گئے ہیں۔ دیگر مقالات میں بھی انگریزی تراجمِ قرآن پر مختلف پہلوؤں سے اظہارِ خیال کیا گیا ہے۔ ایک مقالہ میں سیرتِ طیبہ پر مستشرقین کی تصانیف کا تعارف وتجزیہ پیش کیا گیا ہے۔ آخر میں زمانی ترتیب سے ۹۷ رتراجمِ قرآن کی فہرست بھی شامل ہے۔

انگریزی تراجم قرآن کے تعارف وتجزیہ پر مشتمل یہ بہت قیمتی تحریریں ہیں۔ کیا اچھا ہو کہ انھیں کتابی صورت میں بھی شائع کر دیا جائے، تا کہ ان سے استفادہ کا دائرہ وسیع ہو۔ (م۔ر)



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



# خبر نامہ ادارۂ تحقیق و تصنیف اسلامی (۵۳)

☆ انسانی حقوق اور خدمت خلق کے موضوع پر مولانا سید جلال الدین عمری امیر جماعت اسلامی ہند وصدر ادارۂ تحقیق کی متعدد تصانیف ہیں، جن کو قبول عام حاصل ہے۔ ایک کتابچہ' انسانوں کی خدمت اسلام کی نظر میں' عرصہ سے شائع ہو رہا ہے۔ نظر ثانی کے بعد اب اس کا نیا ایڈیشن مرکزی مکتبہ اسلامی پبلشرز نئی دہلی سے شائع ہوا ہے۔ صفحات: ۲۴، قیمت ـ/

☆ گزشتہ لوک سبھا انتخابات کے بعد ملکی صورت حال پر مولانا عمری کا ایک اہم خطاب مرکز جماعت اسلامی ہند کے کیمپس میں ہوا تھا، جو بعد میں مختلف مجلّات میں شائع ہوا تھا۔ اس موقع پر ماہ نامہ زندگی نو کی طرف سے مولانا سے ایک انٹرویو بھی لیا گیا تھا جو اس کے خصوصی شمارہ (اگست ۲۰۱۴ئ) میں شائع ہوا تھا۔ ان دونوں تحریروں کا مجموعہ گجراتی زبان میں اسلامی ساہتیہ پرکاشن احمد آباد سے شائع ہو گیا ہے۔ صفحات: ۱۶، قیمت ـ/ ۱۰ روپے

☆ رکن ادارہ مولانا محمد جرجیس کریمی نے ادارہ کے منصوبہ کے تحت 'احیائے اسلام۔ مفہوم، مسائل اور تقاضے' کے نام سے ایک کتاب تیار کی تھی۔ مرکزی مکتبہ اسلامی پبلشرز سے اس کی اشاعت ہو گئی ہے۔ صفحات: ۱۴۴، قیمت ـ/ ۸۵ روپے

☆ ادارۂ علوم القرآن علی گڑھ کے زیر اہتمام 'سماجی برائیوں کا انسداد اور قرآنی تعلیمات' کے مرکزی عنوان پر دو روزہ سمینار ۲۷۔۲۸ ستمبر ۲۰۱۴ء کو جامعہ ملیہ اسلامیہ کے آڈیٹوریم میں منعقد ہوا۔ کارکنانِ ادارہ نے اس میں شرکت کی۔ مولانا محمد جرجیس کریمی نے 'مسلم معاشرہ میں فواحش کے انسداد کی تدابیر۔ سورۂ النور کی روشنی میں' اور مولانا کمال اختر قاسمی نے 'جنسی استحصال کی روک تھام اور قرآنی تعلیمات' کے موضوع پر مقالہ پیش کیا۔ سکریٹری ادارہ ڈاکٹر صفدر سلطان اصلاحی نے ادارہ علوم القرآن کی طرف سے منعقد ہونے والے مسابقہ مضمون نویسی کے کنوینر کی حیثیت سے اس کی رپورٹ پیش کی۔

☆ ادارہ کے کانفرنس ہال میں ۱۴ ستمبر ۲۰۱۴ء کو ایک علمی نشست کا انعقاد کیا گیا، جس میں پروفیسر سید مسعود احمد، شعبۂ بایوکیمسٹری، مسلم یونی ورسٹی علی گڑھ کی کتاب Uniqueness of The Noble Quran پر ڈاکٹر محمد ریاض کرمانی کی صدارت میں مذاکرہ ہوا۔ اس میں ڈاکٹر شارق عقیل، پروفیسر محمد ادریس اور دیگر اصحاب علم نے اظہارِ خیال کیا۔ مؤلف کتاب نے بھی کتاب کے مقصد تالیف اور مشتملات کا تعارف کرایا۔ آخر میں سکریٹری ادارہ نے کلماتِ تشکر پیش کیے۔ یونی ورسٹی سے تعلق رکھنے والے اساتذہ اور طلبہ کی قابل لحاظ تعداد پروگرام میں شریک ہوئی۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



# فہرست مضامین سہ ماہی تحقیقاتِ اسلامی علی گڑھ، جلد ۳۳، ۲۰۱۴ء



| مضامین | مضمون نگاران | شمارہ | صفحات |
|---|---|---|---|
| **حرف آغاز** | | | |
| ہم جنسیت ۔فطرت سے بغاوت | محمد رضی الاسلام ندوی | ۱ | ۵۔۲۴ |
| اسپرم بینک ۔اسلامی نقطۂ نظر | ,, | ۲ | ۱۳۳۔۱۵۲ |
| اسلامی تاریخ میں ہجرتِ مدینہ کی اہمیت | سید جلال الدین عمری | ۳ | ۲۶۱۔۲۷۲ |
| شاہ ولی اللہؒ اور تجدید دین | ,, | ۴ | ۳۸۹۔۳۹۴ |
| **تحقیق وتنقید** | | | |
| ڈارون کا نظریۂ ارتقائ۔ ایک تنقیدی جائزہ | ڈاکٹر علی محمد بٹ | ۱ | ۲۵۔۴۶ |
| حضرت یوسف علیہ السلام کی قید کی مدت؟ | پروفیسر محمد یٰسین مظہر صدیقی | ۱ | ۴۷۔۶۰ |
| سابقہ شریعتوں سے استدلال اور امام بخاری کا موقف | جناب عبدالغفار | ۲ | ۱۵۳۔۱۶۶ |
| مکی عہد میں تجارتی معاہدوں کی قریشی روایت | پروفیسر محمد یٰسین مظہر صدیقی | ۳ | ۲۷۳۔۲۹۶ |
| فتاویٰ عالم گیری۔المسوّیٰ کا ایک بنیادی ماخذ | ڈاکٹر ضیاء الدین ملک فلاحی | ۳ | ۲۹۷۔۳۱۱ |
| سیرت خاتم النبیین ۔مرزا بشیر احمد قادیانی کی کتاب کا مطالعہ | ڈاکٹر محمود حسن الہ آبادی | ۴ | ۳۹۵۔۴۱۲ |
| ثمرات الحیاۃ ۔تصوف کے موضوع پر ایک اہم تصنیف | ڈاکٹر محمد امین عامر | ۴ | ۴۱۳۔۴۲۶ |
| **بحث ونظر** | | | |
| حدِّ سرقہ اور اس کی شرائط | حافظ مسعود قاسم | ۱ | ۶۱۔۷۷ |
| حکمرانوں کا عدالتی استثنائ | جناب مقبول حسن | ۲ | ۱۶۷۔۱۸۲ |
| اجتہاد اور اس کا تاریخی ارتقائ | پروفیسر محمد انس حسان | ۳ | ۳۱۳۔۳۳۰ |
| قرآن مجید میں نظم وترتیب کی نوعیت | محترمہ نشاء حلیم | ۴ | ۴۲۷۔۴۴۰ |
| کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تحدیدِ ازواج کے پابند تھے؟ | ڈاکٹر حافظ افتخار احمد | ۴ | ۴۴۱۔۴۶۰ |
| یہودیت میں تصوراتِ امن | جناب تنویر قاسم | ۴ | ۴۶۱۔۴۸۲ |
| **سیر وسوانح** | | | |
| مولانا محمد حنیف ندوی اور ان کی تفسیر سراج البیان | ڈاکٹر ہمایوں عباس شمس | ۱ | ۷۹۔۸۸ |
| مولانا حبیب الرحمن لدھیانوی اور مجلس احرار اسلام | ڈاکٹر محمد عرفان قاسمی | ۲ | ۱۸۳۔۲۰۲ |
| شیخ محمد الغزالی اور ان کی تصنیف فقہ السیرۃ۔ایک تعارف | ڈاکٹر صفدر سلطان اصلاحی | ۳ | ۳۳۱۔۳۴۴ |





© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com




| | | | |
|---|---|---|---|
| ابوعبدالرحمن السلمی۔ حیات وخدمات | ڈاکٹر محمد مشتاق تجاروی | ۴ | ۴۹۴-۴۸۳ |

**ترجمہ وتلخیص**

| | | | |
|---|---|---|---|
| ترکستان میں اسلامی عظمت کے نقوش | مترجم: پروفیسر سید احتشام احمد ندوی | ۱ | ۱۰۲-۸۹ |
| امام راغب اصفہانی اور مولانا فراہی کے اصول تاویل کا تقابلی مطالعہ | ڈاکٹر محمد یوسف الشربجی<br>مترجم: مولانا ابوسعد اعظمی | ۲ | ۲۲۴-۲۰۳ |
| دور جدید کی چند مفسّر خواتین | ڈاکٹر عفاف عبدالغفور حمید<br>مترجمہ: محترمہ ندیم سحر عنبرین | ۳ | ۳۷۰-۳۴۵ |

**نقد واستدراک**

| | | | |
|---|---|---|---|
| کتب سماوی میں رسول اللہ ﷺ سے متعلق پیشین گوئیوں پر ایک اہم تصنیف | مولانا محمد جرجیس کریمی | ۱ | ۱۰۶-۱۰۳ |
| غیبت۔بدکاری سے زیادہ سنگین جرم؟ | ڈاکٹر سراج الاسلام حنیف | ۲ | ۲۲۹-۲۲۵ |

**رپورٹ سمینار**

| | | | |
|---|---|---|---|
| تہذیب وسیاست کی تعمیر میں اسلام کا کردار | ڈاکٹر ضیاء الدین ملک فلاحی | ۲ | ۲۴۰-۲۳۱ |

**تعارف وتبصرہ**

| | | | |
|---|---|---|---|
| موسوعہ مرویات علی بن ابی طالب | مولانا محمد جرجیس کریمی | ۱ | ۱۰۸-۱۰۷ |
| سیرت نبوی پر اعتراضات کا جائزہ | محمد رضی الاسلام ندوی | ۱ | ۱۰۹-۱۰۸ |
| جدید فقہی مسائل اور فقہائے ہندوپاک کے اجتہادات | ،، | ۱ | ۱۱۲-۱۱۰ |
| اسلامی علوم کا ارتقائ۔عہد سلطنت کے ہندوستان میں | ،، | ۱ | ۱۱۳-۱۱۲ |
| آثار شبلی | ،، | ۱ | ۱۱۵-۱۱۳ |
| خواب کی حقیقت | ڈاکٹر محمد مشتاق تجاروی | ۱ | ۱۱۶-۱۱۵ |
| اردو رباعیات میں ہندوستانی عناصر | ڈاکٹر محمد شہاب الدین | ۱ | ۱۱۸-۱۱۶ |
| توضیحی اشاریہ تفسیر تدبر قرآن | ڈاکٹر محمد رضی الاسلام ندوی | ۲ | ۲۴۳-۲۴۱ |
| جنائز (میت کے جامع اصول) | ،، | ۲ | ۲۴۴-۲۴۳ |
| افکار مجیب | ،، | ۲ | ۲۴۵-۲۴۴ |
| عرب وہند کی علمی وادبی خدمات | مولانا محمد جرجیس کریمی | ۲ | ×-۲۴۶ |
| نسائیات (چند فکری ونظری مباحث) | ڈاکٹر محمد رضی الاسلام ندوی | ۳ | ۳۷۲-۳۷۱ |
| دارالمصنفین کی عربی خدمات | ،، | ۳ | ۳۷۵-۳۷۳ |
| اسلامی فلاحی ریاست | ،، | ۴ | ۴۹۶-۴۹۵ |
| برطانوی ہندوستان میں عقیدت پر مبنی اسلام | ،، | ۴ | ۴۹۷-۴۹۶ |
| شبلی شناسی کے سو سال | ،، | ۴ | ۴۹۸-۴۹۷ |
| اسلام اور عصر جدید (خصوصی شمارہ) | ،، | ۴ | ×-۴۹۹ |




© rasailojaraid.com